DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**مورخہ 31-05-2023**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان پرامن صوبہ نیشنل گیمز کا کامیاب انعقاد خوش آئند ہے،صدر علوی | جنگ و دیگر اخبارات |
| 02 | عوام کو جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے،عبدالوالی کاکڑ | مشرق و دیگر اخبارات |
| 03 | بلوچستان ایک پرامن خطہ جہاں کے لوگ غیور محب وطن اور مہمان نواز ہیں،عبدالقدوس بزنجو | مشرق و دیگر اخبارات |
| 04 | ضلع قلات میں 12 سو سے زائد نوجوانوں کو روزگار دیا،ضیالانگو | جنگ و دیگر اخبارات |
| 05 | حکومت بلوچستان کی پسماندگی کے خاتمے کیلئے سنجیدہ ہے،طوراتمانخیل | جنگ و دیگر اخبارات |
| 06 | روسی تیل آنے سے پٹرولیم میں کمی آئے گی،مولانا عبدلواسع | آزادی و دیگر اخبارات |
| 07 | بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کر دیا،نور محمد دمڑ | مشرق و دیگر اخبارات |
| 08 | ژوب کے عوام کی خدمت میرا مشن ہے،مٹھا خان کاکڑ | جنگ و دیگر اخبارات |
| 09 | بلوچستان میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری | سینچری و دیگر اخبارات |
| 10 | گوادر بندرگاہ سے چین کو پہلی براہ راست برآمد کا آغاز۔ | جنگ و دیگر اخبارات |
| 11 | اکیڈمک کونسل کے فیصلے نسوں کے مستقبل پر اثر انداز ہوتے ہیں وائس چانسلر جامعہ گوادر۔ | جنگ و دیگر اخبارات |
| 12 | سول معاملات کیلئے عدالتیں موجود ملٹری کورٹس میں مقدمات چلانا درست نہیں محمود اچکزئی۔ | جنگ و دیگر اخبارات |
| 13 | امن کے دشمن ہار گئے پرامن بلوچستان جیت گیا،آئی جی پولیس | جنگ و دیگر اخبارات |
| 14 | وفاق بلوچستان کے ساحل وسائل پر تحفظات دور کرے جمعیت ن۔ | جنگ و دیگر اخبارات |
| 15 | معصوم و بیگناہ شہریوں کو قتل کرنیوالے اہلکاروں کو گرفتار کیا جائے،پشتونخوا میپ۔ | جنگ و دیگر اخبارات |
| 16 | کوئٹہ میں فحاشی عریانی اور منشیات کے اڈوں کے خلاف کاروائی کی جائے جمعیت۔ | جنگ و دیگر اخبارات |
| 17 | معماران قوم کی آواز اسمبلی سمیت ہر فورم پر ضرور بلند کرونگا،ثناء بلوچ | جنگ و دیگر اخبارات |

## امن وامان

کوئٹہ میں فائرنگ کے دو مختلف واقعات میں ٹیچر اور شاپنگ سینٹر کا مالک جاں بحق،لورالائی زمین کے تنازعہ پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق،کیچ لیویز نے چرس برآمد کرلی،کوئٹہ سریاب سے نامعلوم شخص کی نعش برآمد،نوکنڈی میں قتل میں مطلوب ملزم گرفتار،آواران میں گولیوں سے چھلی لاش برآمد،کچلاک پولیس نے اسلحہ برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا،بیلہ پولیس نے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کیا،تمبو کے علاقے میں ایک شخص قتل اندھی گولی لگنے سے لڑکی جاں بحق ،تربت فائرنگ سے ایک شخص جان بحق۔ل

مورخه 31-05-2023

## عوامی مسائل

لورالائی جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر مچھروں کی یلغار ملیریا پھیلنے کا خطرہ، کوئٹہ ایئر پورٹ کے قریب قائداعظم ریذیڈنسی کا ماڈل ٹوٹ پھوٹ کا شکار، گوادر ایئر پورٹ پر بھرتی کا عمل منسوخ کیا جائے، میڈیکل کالجز میں کلاسز نہ ہونے سے طلباء کا وقت ضاؤ والدین کا اظہار تشویش۔ مکران میں 80 میگاواٹ بجلی کا شاٹ فال بحران پھر سنگین ہو گیا۔

## اداریہ:

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**کسی کی بھی خواہش پر بلوچستان عوامی پارٹی کو ختم نہیں کریں گے**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان و بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ کسی کی بھی خواہش پر بلوچستان عوامی پارٹی کو ختم نہیں کریں گے ہماری پارٹی پہلے دن کی طرح مضبوط اور مستحکم ہے کسی کے جانے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا جو لوگ آنا چاہتے ہیں انہیں ویلکم کہیں گے ہمارے دروازے سب کیلئے کھلے ہیں سابق صدر آصف علی زرداری سمیت تمام سیاسی جماعتوں اور ان کی قیادت سے عزت و احترام کا رشتہ ہے۔ بلوچستان پہلا صوبہ جہاں ای ٹینڈرنگ کا آغاز کیا گیا اور بہت سی دیگر کامیابیاں ہمارے کریڈٹ پر ہیں صوبے کے مسائل کے حل کے لئے بنے والی ہماری جماعت نے صوبے اور ملکی سیاست میں کلیدی کردار ادا کیا بی اے پی کو کسی کی بھی خواہش پر ختم نہیں کریں گے ہماری جماعت کا ہر ممبر صدر ہے سب کی رائے کا احترام کرتا ہوں صوبے کی بہتری کے لئے جو بھی تجاویز ملتی ہیں کوشش کرتا ہوں ان پر عمل درآمد کریں اپنی جماعت بلوچستان عوامی پارٹی کی مضبوطی کیلئے مزید کام کریں گے۔

## اداریے:

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Earthquake prone Balochistan" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Sufferings of Balochistan Healthcare" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ کی ضرورت**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ "**بزنجو اور سنجرانی میں بلوچستان عوامی پارٹی کو مزید فعال بنانے پر اتفاق**" عنوان سے رضا الرحمان کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

DATE: 31 MAY 2023

Bullet No. 1

Page No: 2


## بلوچستان میں سرمایہ کاری کیلئے فضاء سازگار ہو رہی ہے، گورنر

### قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں نتیجہ خیز ہو رہی ہیں، ملک عبدالولی کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ امن، تعلیم اور صحت شروع سے ہماری ترجیحات میں شامل ہیں گورنر نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ صوبے میں امن وامان کی صورتحال میں خاصی بہتری آرہی ہے ترقی اور سرمایہ کاری کیلئے فضاء سازگار ہو رہی ہے انہوں نے کئی عشروں کے بعد قومی کھیلوں کے کامیاب انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسلم باغ میں ایف سی کیمپ پر دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنانا اور صوبے میں کالعدم تنظیم کے سربراہ گلزار امام کی گرفتاری جیسے واقعات اس بات کا ثبوت ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں نتیجہ خیز ہو رہی ہیں گورنر نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں قانون نافذ کرنے والے ادارے دن رات مصروف کار ہیں، گورنر نے کہا کہ ہم عوام کے محافظوں کی کارکردگی کو نہ صرف سراہتے ہیں بلکہ شہداء کے لواحقین کی بھی ہر ممکن مدد کر رہے ہیں اندرونی اتحاد و اتفاق کو مستحکم کرنے کیلئے باہمی افہام و تفہیم، مذاکرات اور جمہوری رویوں کو فروغ دینے کی اشد ضرورت ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، عبدالولی خان کاکڑ

یہ بات باعث اطمینان ہے کہ صوبے میں امن وامان کی صورتحال میں خاصی بہتری آرہی ہے، ترقی اور سرمایہ کاری کیلئے فضائی سازگار ہو رہی ہے

کالعدم تنظیم کے سربراہ گلزار امام کی گرفتاری جیسے واقعات اس بات کا ثبوت ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں نتیجہ خیز ہو رہی ہیں

موجودہ حالات میں اندرونی اتحاد و اتفاق کو مستحکم کرنے کیلئے باہمی افہام و تفہیم، مذاکرات اور جمہوری رویوں کو فروغ دینے کی اشد ضرورت ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ امن، تعلیم اور صحت شروع سے ہماری ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ صوبے میں امن وامان کی صورتحال میں خاصی بہتری آرہی ہے، ترقی اور سرمایہ کاری کیلئے فضائی سازگار ہو رہی ہے۔ انہوں نے صوبے میں کئی عشروں کے بعد قومی کھیلوں کے کامیاب ا.........

بقیہ 40 صفحہ نمبر 9 پر

انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسلم باغ میں ایف سی کیمپ پر دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنانا اور صوبے میں کالعدم تنظیم کے سربراہ گلزار امام کی گرفتاری جیسے واقعات اس بات کا ثبوت ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں نتیجہ خیز ہو رہی ہیں۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں قانون نافذ کرنے والے ادارے دن رات مصروف کار ہیں۔ گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ ہم عوام کے محافظین کی کارکردگی کو نہ صرف سراہتے ہیں

INTEKHAB QUETTA

## صدر علوی کو کوئٹہ پہنچنے پر گورنر و سرکاری آفیسران نے استقبال کیا

کوئٹہ (خ ن) صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی آج دو روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچ گئے۔ خاتون اول بیگم ثمینہ عارف علوی بھی صدر پاکستان کے ہمراہ ہیں۔ کوئٹہ ایئر پورٹ پہنچنے پر گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ اور اعلیٰ سرکاری آفیسرز نے صدر مملکت کا استقبال کیا۔ گورنر ہاؤس کوئٹہ آمد پر بلوچستان

بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر

کانسٹیبلری کے دستہ نے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو سلامی دی۔ گورنر ہاؤس کوئٹہ آمد پر صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ ون ٹو ون ملاقات کی۔ گورنر ہاؤس میں ہونے والی ون ٹو ون ملاقات میں اہم سیاسی اور انتظامی امور سمیت باہمی دلچسپی کے معاملات پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ واضح رہے کہ کوئٹہ دورے میں صدر مملکت آج 34 ویں نیشنل گیمز کی اختتامی تقریب سے بھی خطاب کریں گے۔

## سنجاوی کا جلد دورہ کروں گا، گورنر بلوچستان

### کوشش ہے زیادہ سے زیادہ خدمت کر کے عوام کے مسائل حل کیے جائیں، ملک عبدالولی کاکڑ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انشاء اللہ جلد سنجاوی کا دورہ کروں گا گورنر عبدالولی کاکڑ کی حاجی حنیف دمڑ و دیگر سے بات چیت۔ سنجاوی کے زمیندار و قبائلی شخصیت حاجی محمد حنیف دمڑ صحافی محمد یوسف ناصر نے گورنر ہاؤس میں گورنر ملک عبدالولی خان کاکڑ سے ملاقات کی ملاقات میں حاجی محمد حنیف دمڑ نے گورنر سے سنجاوی کی کم بجلی پر زمینداروں کو درپیش مشکلات اور سنجاوی میں شدید ژالہ باری سے زمینداروں کے باغات فصلات تباہ ہونے سے آگاہ کیا اور کہا بہت سے علاقوں کے زمیندار نان شبینہ کے محتاج ہوگئے لہٰذا گورنر بلوچستان زمینداروں کے ازالے کیلئے صوبائی حکومت کو کہیں اس موقعہ پر گورنر عبدالولی کاکڑ نے کہا حکومت کی کوشش ہے کہ زیادہ سے زیادہ عوام کی خدمت کی جائے مسائل حل کیے جائیں حاجی محمد حنیف دمڑ نے گورنر عبدالولی خان دمڑ کو سنجاوی کی دعوت اور کھانے کی دعوت دی جس پر گورنر بلوچستان عبدالولی کاکڑ نے کہا کے موقع ملتے ہی انشاء اللہ سنجاوی کا دورہ کروں گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 31 MAY 2023 Page No: 3

# Law and order significantly improved in Balochistan: Kakar

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar said that peace, education and health have been among our top priorities since the beginning.

In a statement issued here on Tuesday, he expressed his satisfaction over the law and order situation in the province. He said that law and order situation has improved significantly, the atmosphere is becoming favorable for development and investment.

Appreciating the successful holding of national games in the province after many decades, he said that the foiling of the terrorist attack on the FC camp in Muslim Bagh and the arrest of Gulzar Imam, the head of the banned organization in the province, exhibit government resolve. Governor Balochistan said that the protection of life and property of the people is the responsibility of the government and law enforcement agencies are busy day and night in this regard.

We are not only lauding the performance of the law enforcement agencies personnel, but we are also helping the families of the martyrs. There is an urgent need to promote mutual understanding, dialogue and democratic attitudes to strengthen internal unity and consensus, he maintained.

Appreciating the successful holding of national games in the province after many decades, he said that the foiling of the terrorist attack on the FC camp in Muslim Bagh and the arrest of Gulzar-e-Imam, the head of the banned organization in the province, are proof of this. That the actions of the law enforcement agencies are being fruitful.

Governor Balochistan said that the protection of life and property of the people is the responsibility of the government and in this regard the law enforcement agencies are busy day and night.

Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar said that we are not only appreciating the performance of the people's protectors, but we are also helping the families of the martyrs in every possible way.

He said that there is an urgent need to promote mutual understanding, dialogue and democratic attitudes to strengthen internal unity and consensus.

President Dr. Arif Alvi has arrived in Quetta to hold meetings with the provincial administration and attend other events.

Earlier, Governor Balochistan Malik Abdul Wali Kakar along with senior officials received the President on his arrival in the provincial capital.

A contingent of Balochistan Constabulary presented a guard of honour to the president at the Governor House, Quetta.

## نیشنل گیمز کا کامیاب انعقاد حکومتی کارکردگی پر تنقید کرنیوالوں کیلئے جواب ہے، وزیراعلیٰ

**شدید مالی بحران کے باوجود فنڈز فراہم کئے دنیا بھر میں بلوچستان کا مثبت پیغام گیا، عبدالقدوس بزنجو کا کھلاڑیوں ودیگر کو خراج تحسین**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ شدید مالی بحران کے باوجود قومی کھیلوں کے انعقاد کے لئے فنڈز فراہم کئے، اپنی نوجوان نسل کو آگے بڑھانے کے لئے ہم ہر حد تک جائیں گے۔ 19 سال بعد پر امن ماحول میں قومی کھیلوں کا کامیاب انعقاد صوبے کی تاریخ کا ایک روشن باب اور صوبائی حکومت کی کامیابیوں میں ایک اور اضافہ ہے جبکہ صوبے میں امن وامان کی صورتحال اور حکومتی کارکردگی پر تنقید کرنے والوں کے لئے بھرپور جواب بھی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 34 ویں نیشنل گیمز کے کامیاب اختتام پر اطمینان ومسرت کا اظہار کرتے ہوئے کھیلوں میں شریک ملک بھر کے کھلاڑیوں، صوبائی وزیر کھیل، محکمہ کھیل کے افسران واہلکاروں، پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن پولیس ودیگر سیکورٹی اداروں اور ذرائع ابلاغ کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ 19 سال بعد پر امن ماحول میں قومی کھیلوں کا کامیاب انعقاد صوبے کی تاریخ کا روشن باب اور صوبائی حکومت کی کامیابیوں میں ایک اضافہ بھی ہے جبکہ صوبے میں امن امان کی صورتحال اور حکومتی کارکردگی پر تنقید کرنے والوں کے لئے بھرپور جواب بھی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ قومی کھیلوں کا انعقاد ہمارے شہداء کی قربانیوں کا ثمر ہے جنہوں نے قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے۔ انہوں نے کہا کہ قومی کھیلوں کے انعقاد سے دنیا بھر میں یہ پیغام گیا کہ بلوچستان ایک پر امن خطہ ہے جہاں کے لوگ غیور محب وطن اور مہمان نواز ہیں اور پسماندگی کے باوجود امن وترقی چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شدید مالی بحران کے باوجود قومی کھیلوں کے انعقاد کے لئے فنڈز فراہم کئے، ہم اپنی نوجوان نسل کو آگے بڑھانے کے لئے ہر حد تک جائیں گے۔

## وزیراعلیٰ نے گوادر کو سپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ کا درجہ دینے کی منظوری دیدی

**غیرملکی سرمایہ کاروں کو دوستانہ ماحول فراہم کرکے ویزا پالیسی میں رعایت دی جائیگی**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے محکمہ منصوبہ بندی وترقیات حکومت بلوچستان کی جانب سے ارسال کی جانے والی ایک سمری پر گوادر کو سپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ کا درجہ دینے کی منظوری دے دی واضح رہے کہ گوادر شہر کی ترقی، بندرگاہ سے متعلق سرگرمیوں بشمول سیاحت اور دیگر خدمات کے شعبوں کے لیے ضروری ہے کہ تجارت، سیاحت اور دیگر متعلقہ کاروبار جیسے کہ رئیل اسٹیٹ اور ہوٹلنگ کے شعبوں کو گوادر کو خصوصی اقتصادی ضلع (SED) قرار دینے کے بعد مختلف شعبوں میں مسابقت کی بہترین سطح تک فروغ دیا جائے گوادر کو ایک خصوصی اقتصادی ضلع (SED) کے طور پر تجویز کیا جائے تاکہ پیشہ ورانہ پالیسیوں کو متعارف کرایا جاسکے ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے سرمایہ کاروں کو دوستانہ ماحول فراہم کیا جائے صنعتی سرگرمیوں کے لیے وفاقی اور صوبائی ٹیکسوں پر چھوٹ کی ترغیب اور سرمایہ کاروں کو ویزا پالیسی میں رعایت دی جائے اور گوادر میں سرمایہ کاروں کو سیکیورٹی فراہم کی جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان ایک پر امن خطہ جہاں کے لوگ غیور محب وطن اور مہمان نواز ہیں، عبدالقدوس بزنجو

**پرامن ماحول میں قومی کھیلوں کا کامیاب انعقاد صوبے میں امن امان کی صورتحال اور حکومتی کارکردگی پر تنقید کرنے والوں کیلیے بھرپور جواب بھی ہے**

**19 سال بعد پرامن ماحول میں قومی کھیلوں کا کامیاب انعقاد صوبے کی تاریخ کا ایک روشن باب اور صوبائی حکومت کی کامیابیوں میں ایک اضافہ بھی ہے**

**شدید مالی بحران کے باوجود ہم نے قومی کھیلوں کے انعقاد کے لیے فنڈز فراہم کیے اپنی نوجوان نسل کو آگے بڑھانے کے لیے ہم ہر حد تک جائیں گے**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کوئٹہ میں 34 ویں قومی کھیلوں کے شاندار انعقاد اور احسن اختتام پر اطمینان ومسرت کا اظہار کرتے ہوئے کھیلوں میں شریک کھلاڑیوں صوبائی وزیر کھیل چیف سیکریٹری اور محکمہ کھیل کے ...........

بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 9 پر

افسران و اہلکاران پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن پولیس و دیگر سیکیورٹی اداروں اور ذرائع ابلاغ کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہیں مبارکباد دی ہے اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ 19 سال بعد پر امن ماحول میں قومی کھیلوں کا کامیاب انعقاد صوبے کی تاریخ کا ایک روشن باب اور صوبائی حکومت کی کامیابیوں میں ایک اضافہ بھی ہیاور صوبے میں امن امان کی صورتحال اور حکومتی کارکردگی پر تنقید کرنے والوں کیلیے بھرپور جواب بھی ہے

## گوادر کو سپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ کا درجہ دینے کی منظوری دے دی گئی

**وزیراعلیٰ نے منظوری محکمہ منصوبہ بندی وترقیات کی جانب سے سمری پر دی**

**ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے سرمایہ کاروں کو دوستانہ ماحول فراہم کیا جائیگا**

کوئٹہ (خ ن)۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے محکمہ منصوبہ بندی وترقیات حکومت بلوچستان کی جانب سے..........

بقیہ 4 صفحہ نمبر 9 پر

ارسال کی جانے والی ایک سمری پر گوادر کو سپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ کا درجہ دینے کی منظوری دے دی واضح رہے کہ گوادر شہر کی ترقی، بندرگاہ سے متعلق سرگرمیوں بشمول سیاحت اور دیگر خدمات کے شعبوں کے لیے ضروری ہے کہ تجارت، سیاحت اور دیگر متعلقہ کاروبار جیسے کہ رئیل اسٹیٹ اور ہوٹلنگ کے شعبوں کو گوادر کو خصوصی اقتصادی ضلع (SED) قرار دینے کے بعد مختلف شعبوں میں مسابقت کی بہترین سطح تک فروغ دیا جائے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 31 MAY 2023 Page No: 5

# CM approves Gwadar as Special Economic District

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo on Tuesday approved the status of Special Economic District to Gwadar on a summary sent by the Department of Planning and Development, Government of Balochistan.

For other service sectors, trade, tourism and other related businesses such as real estate and hotel sectors need to be promoted to the best level of competitiveness in various sectors after declaring Gwadar as a Special Economic District (SED).

Proposed as a Special Economic District (SED) to introduce professional policies and provide an investor-friendly environment for domestic and foreign investment Encouragement of federal and provincial tax exemptions for industrial activities And investors should be given concession in visa policy and subsidies should be provided to investors in Gwadar.

The Chief Minister of Balochistan, Mir Abdul Quddus Bizenjo, while expressing his satisfaction and happiness over the wonderful organization of the 23rd National Games in Quetta and the successful conclusion of the sports, the provincial Minister of Sports and the officers and officials of the Sports Department, the Pakistan Olympic Association, the police and other security agencies, participated in the games.

In one of his messages, the Chief Minister has said that after 19 years, the successful holding of national games in a peaceful environment is a bright chapter in the history of the province and one of the achievements of the provincial government. There is also an increase and there is a strong response to those who criticize the law and order situation in the province and the performance of the government.

The Chief Minister said that by holding the National Games, the message has been sent to the whole world that Balochistan is a peaceful region where the people are zealous, patriotic and hospitable and want peace and development despite the backwardness.

The Chief Minister said that severe financial Despite the crisis we have provided funds for organizing national sports and we will go to any extent to develop our young generation.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 31 MAY 2023 Page No: 7

# نیشنل گیمز کا کامیاب انعقاد، وزیراعلیٰ بلوچستان اور محکمہ کھیل کی کاوشوں کا ثمر ہے

صوبائی وزراء وارکین اسمبلی

بلوچستان ایک پرامن اور خوشحال صوبہ ہے یہاں پر دہشت گردی کرنے کی اجازت دینگے اور نہ ہی اس پر خاموش بیٹھیں گے وزیر داخلہ ضیاء لانگو

گیمز سے نہ صرف کامیابی ملی بلکہ بلوچستان کا امیج پوری دنیا میں بہتر ہونے میں مددگار ثابت ہوا ہے، محمد خان لہڑی، میر سکندر عمرانی، گہرام بگٹی، لیلیٰ ترین

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی نے بلوچستان میں 19 سال بعد نیشنل گیمز کے کامیاب انعقاد پر وزیراعلیٰ بلوچستان کی انتھک محنت اور محکمہ کھیل و ثقافت کی کوششوں کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ نیشنل گیمز سے پوری دنیا میں بلوچستان کی امیج بہتر اور دہشت گردی کے حوالے سے جو دنیا میں بلوچستان کو بدنام کیا جارہا تھا اس کا خاتمہ ہوگا آنے والے وقت میں بھی اس طرح کامیاب سرگرمیوں کا انعقاد ضروری ہے، یہ بات صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو صوبائی وزیر ایری گیشن حاجی محمد خان لہڑی، پارلیمانی سیکرٹری برائے ریونیو میر سکندر عمرانی، نوابزادہ گہرام بگٹی، لیلیٰ ترین اور دیگر نے نیشنل گیمز کے اختتامی تقریب کے بعد ردعمل دیتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک پرامن اور خوشحال صوبہ ہے یہاں پر دہشت گردی کرنے کی اجازت دینگے اور نہ ہی اس پر خاموش بیٹھیں گے بعض عناصر کئی عرصے سے بلوچستان کو پوری دنیا میں بدنام کرنے کے لئے مختلف بیانات دے رہے ہیں اور بلوچستان کی امیج کو کمزور کرنے کی کوشش کی لیکن نیشنل گیمز جو 19 سال کے بعد بلوچستان کی سرزمین پر کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا اس گیمز سے نہ صرف کھیلوں کے حوالے سے کامیابی ملی بلکہ بلوچستان کا امیج پوری دنیا میں بہتر ہونے میں مددگار ثابت ہوا ہے جو صوبائی حکومت اور خاص کر وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور محکمہ کھیل و ثقافت کی بہترین کاوشوں کا نتیجہ ہے جس پر ہم ان کو مبارکباد دیتے ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ آنے والے وقت میں بھی اسی طرح سرگرمیوں کا انعقاد کرتے رہیں گے۔

# بلوچستان میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری

بلوچستان میں بلاامتیاز عوامی خدمت اور تمام اضلاع میں یکساں ترقی پر یقین رکھتے ہیں پانچ سالہ دور حکومت میں کرونا کے باعث ترقیاتی منصوبے متاثر ہوئے، صوبائی مشیر اطلاعات

تمام مشکلات کے باوجود ژوب کے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر 17 ارب روپے خرچ ہورہی ہے جس کی تکمیل سے ژوب کے عوام بلوچستان کے ترقی یافتہ ضلعوں میں شامل ہوگا، مٹھا خان کاکڑ

ژوب (اے این این، خ ن) صوبائی مشیر اطلاعات حاجی مٹھا خان کاکڑ نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ژوب عوام کی خدمت میرا مشن ہے پانچ سالہ دور حکومت میں صوبائی سطح پر اربوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے سابقہ ادوار میں اجتماعی کاموں کے بجائے انفرادی کاموں کو ترجیح دی گئی ہے جس سے ژوب کے مسائل کو دور کرکے عوام کے مسائل اور پسماندگی میں اضافہ کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ بلا امتیاز عوامی خدمت پر یقین رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ پانچ سالہ دور حکومت میں کرونا کے باعث ترقیاتی منصوبے متاثر ہوئے اور دو دفعہ بلوچستان حکومت تبدیل ہوا آن تمام مشکلات کے باوجود ژوب کے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر 17 ارب روپے خرچ ہورہی ہے جس کی تکمیل سے ژوب کے عوام بلوچستان کے ترقی یافتہ ضلعوں میں شامل ہوگا انہوں نے کہا کہ ڈنمل کالج کی منظوری اور تعمیر پر پچاس کروڑ روپے خرچ ہورہی ہے ایک جدید طرز پر سالار ہاؤس پر 60 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہورہی ہے ژوب کے مختلف علاقوں میں 700 گھرانوں کو ماہوشی کے سکیمات دیئے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ ژوب کی کل آبادی 6 لاکھ تک پہنچ چکی ہے اب ضلع کاکڑ خراسان کو ضلع کا درجہ دینے کیلئے تگ و دو پر کام جاری ہے انہوں نے کہا کہ گورنر بلوچستان سے ملاقات میں ژوب کے مسائل زیر غور لائے گئے جو قمرالدین گیٹ دے جلد کھولا جائے گا جس ژوب کے عوام کو روزگار کے مواقع ملے گی اور ژوب تجارتی لحاظ سے ژوب تجارتی حب بنے گا بہادر خان یونیورسٹی برانچ کھولا جائے گا اور ژوب کے لئے ایک سرکٹ ہاؤس منظور ہوا ہے جس کی تعمیر کیلئے موزوں جگہ پابزہ علاقہ ہے انہوں نے کہا کہ ژوب ڈویژن کا درجہ دینے پر عوام کا دیرینہ مطالبہ حل ہوا کیونکہ ڈویژن میں تین اضلاع ژوب شیرانی اور قلعہ سیف اللہ کے عوام سرکاری ملازمتوں پر تعینات ہونگے اور تمام مسائل انکے دہلیز پر حل ہونگے انہوں نے کہا کہ ژوب شہر میں کروڑوں روپے کی لاگت سے نکاسی نالیوں کی پختگی اور سڑکوں کو بلیک ٹاپ پر کام جاری ہے بجلی کی مد میں کروڑوں روپے منظور ہوئے ہیں 18 کروڑ روپے کی لاگت سے واٹر سپلائی سکیم منظور کیا گیا ہے جس سے ژوب شہر کو پینے کی صاف پانی کی فراہمی شروع ہوچکا ہے انہوں نے کہا کہ ژوب ماڈل ہائی سکول انگریز دور سے آس پر کوئی کام نہیں ہوا لیکن اب 13 کروڑ روپے کی لاگت سے ایک جدید طرز سے تعمیر ہورہا ہے ایک مثالی سکول بنے گا۔

## امریکی چنگل سے نکلنے کی حکمت عملی پر پاکستان کو غور کرنا ہوگا، میر جان جمالی

کمزور معیشت کے ساتھ قومی ترقی کا حصول ناممکن ہے، معاشی اصلاحات کے لئے کڑوے فیصلے کرنے ہوں گے، اسپیکر بلوچستان اسمبلی کی بات چیت

استا محمد (نامہ نگار) کمزور معیشت کے ساتھ قومی ترقی کا حصول ناممکن ہے معاشی اصلاحات کے لئے کڑوے فیصلے کرنے ہوں گے پاکستان معاشی بدحالی کے دہانے پر کھڑا ہے پہلے امریکی اور اب آئی ایم ایف ہمیں ڈو مور کے احکامات دے رہا ہے پاکستان میں فوج اور عوام کو ایک پیج پر لا کر ملکی ترقی اور قومی یکجہتی کی جانب بڑھا جا سکتا ہے فوج اور عوام میں خلیج اچھا شگون نہیں ان خیالات کا اظہار اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد خان جمالی نے جنگ سے خصوصی بات چیت کے دوران کیا انہوں نے پی ٹی آئی کی قیادت اور کارکنوں کی جانب سے حالیہ پرتشدد واقعات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ 75 سالہ ملکی تاریخ میں ایسا کبھی نہیں ہوا کہ لوگ حساس فوجی تنصیبات پر چڑھ دوڑے ہوں ملک اور قوم کے لئے جانوں کا نذرانہ دینے والے ہمارے شہداء کی یادگاروں کی بے حرمتی جلاؤ گھیراؤ کے واقعات کے بعد پی ٹی آئی کا اصل چہرہ کھل کر عوام کے سامنے آچکا ہے انہوں نے ایران اور سعودی تعلقات میں خوشگوار تبدیلی کو خطے کی پائیدار ترقی کی جانب ایک قدم قرار دیا اور کہا کہ پاکستان کو امریکہ کے چنگل سے نکلنے کی حکمت عملی بنانے پر غور کرنا ہوگا پاکستان کو روس چین سمیت اپنے پڑوسی ایران اور افغانستان کے ساتھ بہتر تعلقات کے لئے سفارتکاری کو تیز کرنا ہوگا خطے میں اہم تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں عالمی تناظر میں ہونے والی تبدیلی سے پاکستان کو فائدہ اٹھانے کا موقع ملا ہے انہوں نے کہا کہ اپنے پڑوسیوں سے بہتر سفارتی تعلقات بنا کر باہمی تجارت کو فروغ دینے سے ہماری معیشت پر خوشگوار اثرات مرتب ہوں گے ایرانی مصنوعات اور کھانے پینے کی اشیاء کی پاکستان میں بڑی مانگ ہے پاک ایران تعلقات میں گرمجوشی سے دو طرفہ ممالک کے درمیان تجارت کے فروغ میں مدد ملے گی انہوں نے کہا روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ کی تکمیل سے پاکستان اور مسلم امہ کو بڑا فائدہ ملے گا سعودی فرماں رواں کے اقدامات سے سعودی عرب میں ترقی کے نئے دور کا آغاز ہونے والا ہے انہوں نے کہا کہ آنے والے بجٹ میں ریلیف ملنے کا امکان ہے لیکن کمزور معیشت کے ساتھ بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے اور عوامی مشکلات کم کرنے کا فارمولہ معیشت دان ہی بہتر طور پر بتا سکتے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## نیشنل گیمز کا کامیاب انعقاد، پرامن بلوچستان جیت گیا اور امن دشمن ہار گئے، آئی جی پولیس

گیمز کے پرامن اور کامیاب انعقاد پر سیکورٹی فورسز بالخصوص بلوچستان پولیس کے جوان اور افسران دن رات اپنے فرائض سرانجام دینے پر داد کے مستحق ہیں

تمام اداروں کی دن رات کی محنت کا نتیجہ ہے کہ میگا ایونٹ کامیابی سے ہمکنار ہوا صوبے میں قومی کھیلوں کے کامیاب انعقاد سے نئی تاریخ رقم ہوئی ہے

کوئٹہ (خ ن) آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے کہا ہے کہ پرامن بلوچستان جیت گیا اور امن دشمن ہار گئے، 34ویں نیشنل گیمز کے پرامن اور کامیاب انعقاد پر سیکورٹی فورسز بالخصوص بلوچستان پولیس کے جوان اور افسران دن رات اپنی فرائض منصبی سرانجام دینے پر داد کے مستحق ہیں۔ انہوں نے ایونٹ میں سیکورٹی کے بہترین انتظامات اور عوام کے لیے سہولیات کی فراہمی پر ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اظفر مہیسر اور بلوچستان پولیس کو بھرپور شاباشی دی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 34ویں نیشنل گیمز کے پرامن اختتام پر پولیس افسران اور........ بقیہ نمبر 64 صفحہ 9 پر

جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہیں مخاطب کرتے ہوئے کیا۔ آئی جی پولیس بلوچستان نے کہا کہ اس قومی ایونٹ کو کامیاب بنانے میں متعلقہ انتظامیہ، پولیس اور دیگر فورسز کی کاوشیں لائق تحسین رہیں۔ تمام اداروں کی دن رات کی محنت کا نتیجہ ہے کہ میگا ایونٹ کامیابی سے ہمکنار ہوا، صوبے میں قومی کھیلوں کے کامیاب ایونٹس کے انعقاد سے نئی تاریخ رقم ہوئی ہے کہ بلوچستان کے عوام پرامن محب وطن اور کھیلوں سے پیار کرتے ہیں ان کا جذبہ لائق تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیکورٹی فورسز خصوصاً بلوچستان پولیس کے صوبے میں امن کی بحالی کے لیے بے پناہ قربانیاں دی ہیں ان شہداء کی قربانیوں آج ہم ایسے پرامن اور کامیاب ایونٹ کرا رہے ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## چمن شہر کے مسائل حل کرنے کا میکنزم بنا دیا ہے، ڈی سی چمن

شہر کی مجموعی صفائی ستھرائی کو ہر صورت ممکن بنایا جائے گا، صاف و شفاف پانی کی فراہمی عوام کا بنیادی حق ہے، فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا

تعلیم صحت بجلی گیس کی فراہمی اور سڑکوں کی تعمیر کیلئے بڑے پیمانے پر وفاقی حکومت اور ڈونرز آرگنائزیشن اور صوبائی حکومت سے فنڈز درکار ہیں

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن اسماعیل ابراہیم سے چیئرمین میونسپل کارپوریشن حاجی حبیب اللہ اچکزئی کی سربراہی میں حاجی نصیب اللہ اچکزئی حاجی لالو خان اچکزئی اور دیگر وفد نے ملاقات کی ڈپٹی کمشنر چمن اسماعیل ابراہیم بقیہ نمبر 24 صفحہ 5 پر

اور چیئرمین میونسپل کارپوریشن حاجی حبیب اللہ اچکزئی کے درمیان چمن شہر کے بنیادی مسائل کے حل سے متعلق اہم فیصلے کئے گئے انہوں نے کہا کہ چمن شہر کی مجموعی صفائی ستھرائی کو ہر صورت ممکن بنایا جائے گا صاف اور شفاف پانی کی فراہمی عوام کا بنیادی حق ہے اور شہر سے نکاسی آب اور کوڑا کرکٹ دور بہانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے ہمارے صوبے کی بیشتر آبادی دیہاتوں میں رہتی ہے اور چونکہ بلوچستان ایک وسیع و عریض رقبے پر پھیلا ہوا صوبہ ہے جس کی وجہ سے ہمیں تعلیم صحت گیس بجلی روڈز کو بنانے اور فراہم کرنے کے لیے بہت بڑے پیمانے پر وفاقی حکومت ڈونرز آرگنائزیشن اقوام متحدہ اور صوبائی حکومت کی سرپرستی میں نہ صرف چمن کو بلکہ پورے صوبہ کو مالی معاونت و امداد کی اشد ضرورت ہے لیکن اس وقت ہمارا ملک اقتصادی اور معاشی طور پر کمزور ہے جس کی وجہ سے ہم تمام حل طلب مسائل کو کسی حد تک قابو کرنے میں کمزور ہیں لیکن ان کے حل کے لیے ہم اپنی تمام توانائیاں بروئے کار لا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ جن اقوام میں مستقل مزاجی استقامت ہمت جرأت عظمت و بہادری اور عزم موجود ہو وہ تمام تر مسائل کے باوجود اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مشکلات کو قابو کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں لیکن اس کے لیے بحیثیت قوم ہمیں مستقل مزاجی اور استقامت کے ساتھ ساتھ بھرپور محنت و لگن سے کام کرنا پڑے گا حکومت کے لیے چمن اور حسن آبادی کو جدید بنیادیں فراہم کرنا خاصا مشکل کام ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 DATE: 31 MAY 2023 Page No: 13

## خوراک سمیت بنیادی ضروریات کی اشیاء پر عائد پابندی ہٹائی جائے، پشتونخوا میپ

آٹا، چینی، گھی، خوردنی تیل، بڑے گوشت جیسی بنیادی ضروریات کی ترسیل پر پابندی سے اشیاء مہنگی اور قلت پید ہوگئی ہے

حکومت عوامی فلاح و بہبود کیلئے کو روزگار اور زندگی کی بنیادی ضروریات زندگی فراہم کرنے کی ذمہ دار ہوتی ہے، نصر اللہ زیرے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر ایم پی اے نصر اللہ خان زیرے، صوبائی ڈپٹی سیکریٹریز اعظم خان اچکزئی، حیات خان اچکزئی کے ساتھ حاجی رحمت اللہ پہلوان اور سردار محمود خان اچکزئی نے اپنے بیان میں چمن کو آٹا، چینی، گھی، خوردنی تیل، بڑے گوشت جیسے بنیادی ضروریات کی ترسیل پر پابندی کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اس پابندی کو فوری طور پر ہٹانے کا مطالبہ کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ڈیورنڈ لائن پر ا؟ باد پشتون افغان عوام کی معاشی ناکہ بندی جاری ہے اور تمام تجارتی راستوں کو ایک خاص منصوبے کے...... بقیہ نمبر79 صفحہ 9 پر

تحت بند کر دیا گیا ہے جسکی وجہ سے ہزاروں کی تعداد میں لوگ بیروزگار ہوگئے ہیں اور نتیجے میں چوری، ڈکیتی، ڈاکہ زنی اور دیگر جرائم میں بیپناہ اضافہ ہوا ہے۔ عوام کے استحصال کا یہ سلسلہ عرصہ دراز سے جاری ہے اور بار ہا نشاندہی اور مطالبے کے باوجود وفاقی اور صوبائی حکومت اس مسئلے کے حل میں سنجیدہ نہیں اور عوام کو سخت احتجاج پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ریاست اور حکومتیں عوامی فلاح و بہبود کیلئے کوشاں رہتی ہے اور اپنے عوام کو روزگار اور زندگی کی بنیادی ضروریات زندگی فراہم کرنے کی ذمہ دار ہوتی ہے لیکن بدقسمتی سے اس ملک میں ایک خاص استعماری منصوبے کے تحت ڈیورنڈ لائن پر ا؟ باد عوام کی معاشی ناکہ بندی کر کے تمام تاریخی تجارتی راستوں کو بند کر دیا گیا ہے

## کوئٹہ میں مہنگے آٹے کی فروخت، بڑے پیمانے پر درآمد کے باوجود آٹے کی قیمتوں میں کمی نہ آسکی

جولائی تا اپریل کے دوران 26لاکھ 80ہزار ٹن گندم درآمد کرنے کے لیے ایک ارب ڈالر سے زائد خرچ کیے گئے

20 کلو گندم کے تھیلے کی قیمت بڑھ کر 2ہزار 628 ہوگئی، اوپن مارکیٹ سے مہنگی گندم خریدنے پر مجبور ہوتے ہیں، فلور ملز ایسوسی ایشن

چنے کی دال 248 روپے، دال ماش 448 روپے فی کلو مونگ کی فی کلو قیمت 172 روپے سے بڑھ کر 281 روپے تک پہنچ گئیں

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت پاکستان بھر میں رواں مالی سال کے ابتدائی 10 ماہ میں بڑے پیمانے پر درآمدات کے باوجود بھی گندم اور دالوں کی قیمتیں کم ہونے کا نام نہیں لے رہیں اور صارفین اب بھی ان اشیا کی بھاری قیمتیں ادا کر رہے ہیں......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 9 پر

یو این اے کے مطابق حکومت نے مالی سال 23 کے جولائی تا اپریل کے دوران 26لاکھ 80ہزار ٹن گندم درآمد کرنے کے لیے ایک ارب ڈالر سے زائد خرچ کیے جبکہ گزشتہ سال کی اسی مدت میں 22 لاکھ ٹن کی خریداری کے لیے 79 کروڑ 50لاکھ ڈالر ادا کیے گئے تھے اناج کی فی ٹن اوسط قیمت رواں مالی سال 393ڈالر رہی جو گزشتہ سال کی اسی مدت میں 360ڈالر تھی اسی طرح 11لاکھ 40 ہزار ٹن دالوں کی درآمد کے لیے مجموعی طور پر 81 کروڑ 80لاکھ ڈالر خرچ کیے گئے

## معماران قوم کی آواز اسمبلی سمیت ہر فورم پر ضرور بلند کرونگا، ثناء بلوچ

گلوبل پارٹنرشپ کے تحت کام کرنے والے اساتذہ کو جس طرح ریگولر کیا گی اسی طرح کمیونٹی اساتذہ کو بھی ریگولر کرنا حکومت کی ذمہ دری ہے

کمیونٹی اساتذہ کئی سالوں سے بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں بلوچستان کے غریب طالب علموں کو تعلیم جیسے زیور سے آراستہ کر رہے ہیں، وفد سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، و رکن بلوچستان اسمبلی ثناء بلوچ نے کہا ہے کہ جس طرح حکومت نے گلوبل پارٹنرشپ کے تحت کام کرنے والے اساتذہ کو ریگولر کیا اسی طرح کمیونٹی اساتذہ کو بھی ریگولر کرنا حکومت وقت کی ذمہ دری ہے انہوں نے یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کی آواز اسمبلی کے فارم میں ضرور بلند کرونگا اور اساتذہ کے مسائل کے بارے میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور وزیر تعلیم بلوچستان میر نصیب اللہ مری آگاہ کرونگا' یہ بات انہوں نے کمیونٹی ٹیچرز ایسوسی ایشن کی صوبائی کابینہ کے وفد کی چیئرمین مولوی محمد صدیق' صدر رفیع اللہ تارن' جنرل سیکرٹری ظہور احمد مگسی' محمد علی و دیگر پر مشتمل وفد نے ان کی رہائش گاہ میں ملاقات کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی' ملاقات کے دوران کمیونٹی ٹیچرز ایسوسی ایشن کے سربراہان نے اسے بتایا کہ کمیونٹی اساتذہ گزشتہ 16 سالوں سے بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں بلوچستان کے غریب طالب علموں کو تعلیم جیسے زیور سے آراستہ کر رہے ہیں' کمیونٹی ٹیچرز عرصہ دراز سے بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن جو ایک کرپٹ ادارہ ہے کے ساتھ کام کر رہے ہیں ماہ جون میں اساتذہ کی تنخواہوں کے اضافے کے لئے حکومت بلوچستان نے رقم فراہم کی۔

INTEKHAB QUETTA

## ایم این اے اسلم بھوتانی نے گوادر ایئرپورٹ بھرتیوں میں حق تلفی پر رپورٹ طلب کرلی

ایم این اے اسلم بھوتانی نے قومی اسمبلی میں حقائق سامنے لانے کیلئے وفاقی وزارت ایوی ایشن سے وضاحت مانگ لی' اسپیکر کی پارلیمانی سیکرٹری کو ہدایت

گوادر نیو ایئرپورٹ پر جو 35 افراد ورک چارج پر تعینات کیئے گئے ہیں ان میں صرف دو تین افراد مقامی ہیں' ناانصافی نہیں ہونی چاہئے' اسلم بھوتانی

حب (نمائندہ انتخاب) گوادر نیو انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر ملازمتوں میں حق تلفی پر گوادر کے عوام احتجاج پر ایم این اے اسلم بھوتانی نے اسمبلی کے اجلاس میں حقائق سامنے لانے کیلئے وفاقی وزارت سول ایوی ایشن سے وضاحت طلب کرلی آج کے اجلاس میں گوادر نیو انٹرنیشنل ایئر پورٹ میں بھرتیوں کی تفصیلات طلب کرلی گئیں، اسپیکر نے رولنگ دیتے ہوئے پارلیمانی سیکرٹری شاہدہ رحمان کو وزیر سول بقیہ نمبر36 صفحہ 7 پر

ایوی ایشن کو آگاہ کرنے کی ہدایت دے دی تفصیلات کے مطابق گوادر نیو انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ملازمتوں میں مقامی افراد کی حق تلفی پر مقامی عوامی حلقوں کے احتجاج کا نوٹس لیتے ہوئے لسبیلہ گوادر حب سے منتخب آزاد ممبر قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی نے منگل کے روز قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں آج کے اجلاس کی توسط سے گوادر کے ایک ایشو کی جانب توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ جہاں گوادر نیو انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر تقریباً 35 افراد کو ورک چارج پر ملازمت دی گئی ہے اور اس حوالے سے گوادر کے عوام کو اعتراض ہے کہ دو تین مقامی افراد کے علاوہ دیگر لوگ گوادر کے لوکل نہیں ہیں اور اس بارے میں آج بھی گوادر میں احتجاج ہو رہا ہے ایم این اے اسلم بھوتانی نے کہا کہ اس حوالے سے وزیر سول ایوی ایشن پارلیمانی سیکرٹری وضاحت کریں اور حقائق کو سامنے لایا جائے اور آج بدھ کے قومی اسمبلی کے اجلاس میں گوادر نیو انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر جو 35 افراد ورک چارج پر تعینات کیے گئے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 DATE: 31 MAY 2023 Page No: 14


## کوئٹہ، فائرنگ کے دو مختلف واقعات میں ٹیچر اور شاپنگ سینٹر کا مالک جاں بحق

**عمر خان کو برما ہوٹل پر جبکہ سکول ٹیچر انعام اللہ کو سکول سے گھر جاتے ہوئے نشانہ بنایا گیا، لاشیں ورثاء کے حوالے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب میں فائرنگ کے دو واقعات میں ٹیچر اور مقامی شاپنگ سنٹر کا مالک جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق سریاب کے علاقے جمیل کالونی کا کارہائشی مقامی شاپنگ سنٹر کا مالک حاجی عمر خان گزشتہ روز برما ہوٹل کے قریب پراپرٹی کی دکان کے باہر کھڑا تھا کہ نامعلوم افراد اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا جبکہ اسپنی روڈ کا رہائشی گورنمنٹ بوائز سکول فیروز آباد کا ٹیچر محمد انعام ربانی گزشتہ روز اسکول سے گھر جا رہا تھا کہ نامعلوم موٹر سائیکل سوار اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاشوں کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئیں پولیس نے بتایا کہ دونوں واقعات دشمنی کے باعث پیش آئے مزید تحقیقات کی جا رہی ہیں۔

## چوری کا ملزم گرفتار، مسروقہ سامان برآمد

بیلہ (نامہ نگار) پولیس نے ایک کارروائی میں گزشتہ شب جام یوسف آباد میں ایک گھر سے چوری کرنے والے شیر علی نامی شخص کو گرفتار کر کے مسروقہ سامان برآمد کر لیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم نے اپنے دو ساتھیوں کے ہمراہ گھر کی دیوار کو نقب لگا کر صندوق میں رکھا گھریلو سامان چوری کر لیا تھا۔ جسے بروقت کارروائی کرتے ہوئے گرفتار کر لیا اور مقدمہ درج کر کے ملزم کے دیگر ساتھیوں کی تلاش شروع کر دی ہے۔

## دکی، احاطہ عدالت میں مدعی کی فائرنگ سے ملزم سمیت 5 افراد زخمی

**زخمیوں میں وکیل، پولیس اہلکار اور پٹواری بھی شامل ہو گئے، آج دکی میں عدالتی بائیکاٹ کا اعلان**

دکی (نامہ نگار) دکی ڈسٹرکٹ عدالت میں فائرنگ کے نتیجے میں پانچ افراد زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق قتل کے مقدمے میں گرفتار ملزم محمد افضل عرف افضلو کو پیشی کیلئے دکی ڈسٹرکٹ کی عدالت میں لایا جا رہا تھا کہ مدعی نے محمد افضل پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں محمد افضل ولد لعل خان، ناصر پولیس اہلکار محمد گل ولد شیر محمد حسنی پیشی پر آنے والا شخص بہادر خان ولد میاں خان زرگون زخمی ہو گئے جبکہ کمرہ عدالت میں موجود وکیل امیر محمد ایڈووکیٹ ولد بابو خان اور پٹواری جان گل ولد سکندر ترین بھی فائرنگ کی زد میں آ کر زخمی ہوئے جنہیں فوری طور پر ہسپتال میں طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کیلئے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ ملزم فائرنگ کے بعد عدالت کی دیوار کود کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی ہے دریں اثناء ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر نواب خان ترین ایڈووکیٹ نے 31 مئی اور یکم جون کو عدالتی بائیکاٹ کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ملزم کی جلد گرفتاری یقینی بنائی جائے۔

## دکی میں رشتے کے تنازع پر فائرنگ سے نوجوان ہلاک

دکی (نامہ نگار) سنجاوی اسٹاپ کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نوجوان حبیب اللہ ولد دوست محمد ترین سکنہ گلی دکی جاں بحق ہو گیا قتل کی وجہ رشتے کا تنازع بتائی جاتی ہے۔

## پنجگور، چور گرفتار کر کے رقم برآمد کر لی

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور پولیس نے 12 گھنٹے کے اندر مسروقہ رقم اور سامان برآمد کر کے چور کو گرفتار کر لیا ایس ڈی پی او ملک احمد کے مطابق چور نے گزشتہ روز حنیف سروس کے قریب احسان اللہ نامی شخص کی دکان کے تالے توڑ کر 55 ہزار روپے اور دیگر سامان چوری کیا تھا۔

## بیلہ میں اسلحہ برآمد ہونے پر ملزم گرفتار

بیلہ (نامہ نگار) بیلہ پولیس نے جام غلام قادر اسٹیڈیم کے قریب ٹی ٹی پسٹل، میگزین اور گولیاں برآمد ہونے پر ملزم الطاف حسین کو گرفتار کر لیا۔


INTEKHAB QUETTA


## آواران، ہراسانی سے تنگ آ کر خودکشی کرنے والی خاتون کیس میں 3 افراد گرفتار

**جھونپڑی سکول میں علاقے کے بچوں کو مفت پڑھانے والی خاتون ٹیچر کو لیویز اہلکار مسلسل ہراساں کر رہا تھا**

**خاتون ٹیچر نے چند روز قبل حالات سے تنگ آ کر خودکشی کی، انتظامیہ نے لیویز اہلکار سمیت 3 افراد کو گرفتار کر لیا**

آواران (صباح نیوز) بلوچستان کے ضلع آواران میں جھونپڑی اسکول میں غریب بچوں کو مفت پڑھانے والی ٹیچر نے ہراسگی سے تنگ آ کر خودکشی کر لی۔ پولیس نے لیویز اہلکار سمیت 3 افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ آواران کے علاقے گیشکور


بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر


میں غریب بچوں کو مفت تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے والی استانی نجمہ بلوچ کی موت پر پورا علاقہ سوگوار ہیں۔ پولیس نے لواحقین کی درخواست پر لیویز اہلکار سمیت 3 افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ نجمہ بلوچ کے اہل خانہ نے الزام لگایا کہ ان کی بیٹی کو لیویز اہلکار اور ان کے دو ساتھی کئی عرصے سے ہراساں کر رہے تھے، جس سے تنگ آ کر اس نے اپنی جان دے دی۔ نجمہ بلوچ کی والدہ کا کہنا ہے کہ ملزمان بار بار آ کر دھمکیاں دیتے تھے، تمہیں اٹھا کر لے جاؤں گا، بیٹی نے بولا تمہارے ہاتھوں میں گرنے سے بہتر ہے میں قبر میں چلی جاؤں، میری بیٹی کیلئے اور کوئی راستہ نہیں تھا۔ اسسٹنٹ کمشنر آواران کے مطابق خودکشی کے واقعہ کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ متعلقہ لیویز اہلکار کو معطل کر کے انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا جبکہ باقی دو کی تلاش جاری ہے۔

## لورالائی، جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر، مچھروں کی یلغار، ملیریا پھیلنے کا خطرہ

**نالے اور نالیوں کی صفائی نہ ہونے کی وجہ سے مچھر مکھیوں کی افزائش میں اضافہ، گلیوں محلوں میں شدید تعفن، گزرنا محال**

**رات کو بجلی جانے سے مچھر کاٹنے لگے، شہری ملیریا میں مبتلا، فوری طور پر مچھر سپرے اور صفائی مہم چلائی جائے، عوامی حلقے**

لورالائی (رپورٹ ملک امانت حسین کاکازئی) لورالائی شہر میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر نکاسی آب کے جنکشن نالے اور نالیوں میں عرصہ دراز سے صفائی نہ ہونے کی وجہ سے گلیوں محلوں میں شدید تعفن پھیلا رہتا ہے علاقہ مکینوں کا گلی محلوں سے گذرنا محال ہے اور اس تعفن اور گندگی کی وجہ سے مچھروں کی افزائش نسل میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے اور مچھروں نے بڑی تعداد میں ڈیرے ڈال رکھے ہیں بجلی رات 1 بجے بجلی چلی جاتی ہے جسکی وجہ سے تمام رات مچھروں کا اشرف المخلوقات پر حملے جاری رہتے ہیں اور اس وقت ہسپتالوں میں آنے والا ہر دوسرا مریض ملیریا کے مرض میں مبتلا ہے لورالائی میں مچھر سپرے کافی عرصہ سے نہیں کیا گیا ہے عوامی حلقوں نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ لورالائی کے جنکشن نالوں اور نالیوں میں صفائی کی ناقص صورتحال کا فوراً نوٹس لیکر صفائی کی خصوصی مہم چلائی جائے اور مچھر مار سپرے کیا جائے تاکہ گرمی کے سیزن میں عوام کو صفائی کے ساتھ ساتھ صحت کی سہولیات بھی میسر ہوسکیں۔

## خضدار کے رہائشی معذور نوجوان کی وزیراعلیٰ سے علاج کی اپیل

**علاج پر پانچ لاکھ روپے کے اخراجات کر چکا اب کوئی ذریع نہیں ہیں، عبدالخالق**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار کے رہائشی عبدالخالق محمد حسنی معذور نوجوان نے وزیر اعلیٰ بلوچستان منتخب عوامی نمائندوں ودیگر حکام بالا سے دلسوز فریاد کرکے تعاون اور علاج معالجہ کی اپیل کی ہے تفصیلات کے مطابق خضدار میں گزشتہ سال ہسپتال روڈ پر دھماکے میں عبدالخالق محمد حسنی کے ایک ٹانگ میں شدید زخمی ہوئے زخم گہرا ہونے کی وجہ سے انکی ٹانگ کاٹنا پڑی اور وہ عمر بھر کے لئے معذور ہوگئی ہے انکا کہنا ہے وہ پہلے رکشہ چلا کر اپنے چھوٹے بچوں کی پیٹ پالتا تھا اب رکشہ چلانا بھی ان کے لئے مشکل ہوگئی ہے اب تک قرض لے کر ان کے علاج پر چار سے پانچ لاکھ روپے کے اخراجات آئے ہے ابھی مزید علاج کے لئے ان کے پاس کوئی رقم موجود نہیں ہے۔ صوبائی حکومت سمیت خضدار کے منتخب نمائندوں میں سے کسی نے کوئی تعاون نہیں کیا ہے اب علاج کے لئے انکے ساتھ کچھ نہیں بچا ہے ان کی معاشی حالات بھی ابتر ہوگئی ہیں انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان ودیگر وزراء اعلیٰ منتخب نمائندوں ڈپٹی کمشنر خضدار مخیر حضرات سے دست بدستہ اپیل کی ہے کہ خدارا سرکاری سطح پر میرا علاج کروایا جائے اور معذور کوٹے پر ہمیں نوکری فراہم دلائے تاکہ میں اپنے خاندان کا گزر بسر کرسکوں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 31 MAY 2023 Page No: 16


## گوادر ملکی معیشت کا اہم جز، وفاقی حکومت کی پالیسیاں اہمیت کی حامل!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے محکمہ منصوبہ بندی وترقیات حکومت بلوچستان کی جانب سے ارسال کی جانے والی ایک سمری پر گوادر کو سپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ کا درجہ دینے کی منظوری دے دی۔ واضح رہے کہ گوادر شہر کی ترقی، بندرگاہ سے متعلق سرگرمیوں بشمول سیاحت اور دیگر خدمات کے شعبوں کے لیے ضروری ہے کہ تجارت، سیاحت اور دیگر متعلقہ کاروبار جیسے کہ رئیل اسٹیٹ اور ہوٹلنگ کے شعبوں کو گوادر کو خصوصی اقتصادی ضلع (SED) قرار دینے کے بعد مختلف شعبوں میں مسابقت کی بہترین سطح تک فروغ دیا جائے، گوادر کو ایک خصوصی اقتصادی ضلع (SED) کے طور پر تجویز کیا جائے تاکہ پیشہ ورانہ پالیسیوں کو متعارف کرایا جاسکے اور ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے سرمایہ کاروں کو دوستانہ ماحول فراہم کیا جائے۔ صنعتی سرگرمیوں کے لیے وفاقی اور صوبائی ٹیکسوں پر چھوٹ کی ترغیب اور سرمایہ کاروں کو ویزا پالیسی میں رعایت دی جائے اور گوادر میں سرمایہ کاروں کو سبسڈی فراہم کی جائے۔ دوسری جانب نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ تعمیر کا تقریباً 70 فیصد سے زائد کام مکمل کرلیا گیا۔ گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی حکام کے مطابق نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے تعمیراتی کام کا پورا دائرہ جس میں سول ورک، سٹرکچرل ورک، میکینیکل ورک اور انجینئرنگ کا کام شامل ہے تقریباً مکمل ہوچکا ہے۔ اب بنیادی طور پر ٹپ اینڈ ٹک طریقہ کار کو مکمل کرنا ہے جو چائنا کمیونیکیشن کنسٹرکشن کمپنی اور سول ایوی ایشن اتھارٹی پاکستان کی پیشہ ور ٹیموں کی مشترکہ کوششوں سے تیز رفتاری سے آگے بڑھ رہا ہے۔ دریں اثناء نیوی گیشن اور کمیونیکیشن ایریٹس کی تنصیب اور آپریشنلائزیشن کے لیے بھی کام جاری ہے، تمام آلات سائٹ پر پہنچ چکے ہیں اور اس کام کو مکمل کرنے میں 60 دن لگ سکتے ہیں۔ اسٹیٹ آف دی آرٹ رن وے جو نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا مرکز ہے بین الاقوامی معیار کے مطابق تعمیر کے تمام مراحل مکمل کرلیے ہیں۔ اے ٹی سی ٹاور، رن وے، ایپرن، ٹیکسی وے، آپریشنل بلڈنگ، کمپلیکس رجسٹریشن آفس، واٹر سپلائی سسٹم، پی ٹی سی ایل فائبر آپٹک، ڈی سیلینیشن پلانٹ، گرڈ سٹیشن اور سکیورٹی سسٹم کی تعمیر مکمل ہوچکی ہے۔ 4300 ایکڑ رقبے پر محیط نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پاکستان کا سب سے بڑا ایئرپورٹ بننے جارہا ہے۔ اس میں اے ٹی آر 72 اور بوئنگ بی 737 جیسے ہوائی جہازوں کے ساتھ ساتھ وسیع باڈی والے ہوائی جہاز جیسے ایئربس اے 380 اور بوائنگ بی 747 کو ملکی اور بین الاقوامی راستوں کے لیے ایڈجسٹ کرنے کی گنجائش ہوگی۔ ہوائی اڈے کو اوپن اسکائی پالیسی کے تحت چلایا جائے گا اور اسے سول ایوی ایشن اتھارٹی کی رہنمائی میں تیار کیا جائے گا۔ توقع ہے کہ اس سے جزیرہ نما گوادر میں ترقی کو تحریک ملے گی اور پاکستان اور چین کے درمیان تجارت کو فروغ ملے گا۔ زیر تعمیر نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ بلوچستان کے جنوب مغربی بحیرہ عرب کے ساحل پر گوادر شہر میں موجودہ ہوائی اڈے سے 26 کلومیٹر شمال مشرق میں واقع ہے۔ ہوائی اڈے کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب مارچ 2019 میں منعقد ہوئی تھی۔ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ میں دوسرا رن وے بنانے کا بھی انتظام ہوگا جو مرکزی رن وے کے شمال میں واقع ہوگا۔ گرین فیلڈ ہوائی اڈے میں ایک جدید ٹرمینل عمارت بھی ہوگی۔ پاک چین دوستی اور قربت میں مزید تیزی آنے کے بعد اس میں کوئی شک نہیں کہ سی پیک منصوبوں پر کام ہنگامی بنیادوں پر کیا جائے گا خاص کر گوادر اور بلوچستان کے دیگر اضلاع سے جڑے منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنایا جائے گا جس سے معاشی ترقی کو فروغ ملنے کے ساتھ بلوچستان میں بہت بڑی تبدیلی آئے گی۔ گوادر اپنے محل وقوع کے لحاظ سے ایک الگ مقام رکھتا ہے جس کے ذریعے دنیا کے دیگر ممالک کے ساتھ بھی تجارت کے مواقع موجود ہیں اس کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے پالیسیاں ترتیب دینا ہوں گی۔ سفارتی تعلقات کو بروئے کار لاتے ہوئے بیرونی سرمایہ کاروں کو گوادر اور بلوچستان میں سرمایہ کاری کے حوالے سے قائل کیا جائے تاکہ بلوچستان سمیت ملک میں موجود معاشی مسائل سمیت دیگر بحرانات کا خاتمہ ہوسکے۔ امید ہے کہ وفاقی حکومت بلوچستان کو ترجیحات میں رکھتے ہوئے معاشی پالیسی پر کام کرے گی تاکہ پسماندہ خطے میں معاشی تبدیلی رونما ہوسکے اور لوگوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ کاروباری طبقہ کے لیے بھی سرمایہ کاری میں آسانی پیدا ہوسکے جس کے لیے مقامی سطح پر صنعتیں قائم کرنا ضروری ہے اس کے بغیر ترقی کا خواب پورا نہیں ہوگا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 DATE: 31 MAY 2023 Page No: 18

# Earthquake prone Balochistan

Today on this day, in 1935 a massive earthquake had destroyed entire Quetta city in which approximately fifty thousand people had died. Geologists have warned high-intensity earthquakes in Quetta and other parts of Balochistan time and again. In the past two decades, Ziarat, Awaran and Mushkail have faced powerful jolts of earthquake and have witnessed tremendous loss of lives and properties. Sadly, in Quetta, which is most earthquake prone city, the violation of building code is rampant and over 300 shopping malls, markets, plazas and shops were identified as being built against the building code. Most of the buildings have been constructed in the heart of Quetta threatening bigger risk at human population. Many high-rises don't have necessary parking space and suitable entrance or exit in case of emergency. Some buildings in the city have contributed to the congestion and traffic jams. Media reported that the buildings were built with no proper check by the Quetta Metropolitan Corporation, QMC, during the construction. The British rulers had set the height of 30 feet to all buildings after the disastrous earthquake of 1935. The earthquake is still considered as one of the . In 2017, legislators Balochistan Assembly passed a resolution against the violation of the building code in Quetta. It reminded that Quetta is situated on a fault-line and therefore serious implementation of the building code must be practiced to prevent any future disaster caused by earthquake. But necessary provision and facilities to monitor the construction of the buildings and to punish the violation is still lacking. The violation of the code mainly by the influential people has been overlooked by the government in a very shameful manner. Baldia Plaza, located in Bacha Khan Chowk is a state owned building which is 60 feet high. The corrupt practices within the government functionaries are encouraging more violation which generally are performed in support of political, tribal and trade union leaders. In Quetta, the risk of land subsidence from excessive ground water pumping is already prevalent. Unplanned housing and the violation of the building code have already caused water scarcity, gas shortage and other problems for people. It is the responsibility of the provincial government to take immediate and necessary actions to make the city safe for its people, in case of any natural disaster, particularly earthquake. The violations of building code should be immediately tackled, punished and demolish the buildings wherever necessary. And Quetta Metropolitan Corporation should be made accountable for the safety of people during the emergencies.

# پڑھا لکھا بلوچستان


اسد اللہ رئیسانی

ریسرچ فیلو بلوچستان تھنک ٹینک نیٹ ورک، کوئٹہ

Fellow Research) Tank Think Balochistan (QuettaNetwork,


اقوام متحدہ کا پائیدار ترقی کا ہدف نمبر 4 تعلیم سے متعلق ہے جسکے مطابق بنیادی تعلیم ہر انسان کا حق ہے۔ جبکہ اعلیٰ تعلیم کے حوالے سے معیار کا مطلب طلباء کو تنقیدی، اختراعی اور رواداری کے ساتھ سوچنے کے لیے تیار کرنا ہے۔ دوسرے لفظوں میں ان معیارات کو 'مقررہ' یا 'بین الاقوامی معیارات' کا نام دیا جا سکتا ہے۔ پاکستان اور بالخصوص اس کے رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ بلوچستان اس حوالے سے کہاں کھڑا ہے اسکا تنقیدی جائزہ لیا جاسکتا ہے۔

یہ بات قابل تعریف ہے کہ پاکستان کے آئین کے مطابق، ریاست پانچ سے سولہ سال کی عمر کے تمام بچوں کو بنیادی تعلیم مفت فراہم کرے گی۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ۵ سے ۱۶ سال کی عمر کے بچوں کو تعلیم دینا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ اقوام متحدہ کے بین الاقوامی چلڈرن ایمرجنسی فنڈ یا یونیسیف کے مطابق پاکستان میں ۵ سے ۱۶ سال کی عمر کے تقریباً دو کروڑ تیس لاکھ کے قریب بچے اسکولوں سے باہر ہیں۔ یہ دنیا میں اسکول نہ جانے والے بچوں کی دوسری سب سے بڑی تعداد ہے۔ اس لیے یہ کہنا درست ہے کہ ریاست اس سلسلے میں اپنی ذمہ داری پوری کرنے میں بری طرح ناکام ہے۔

اعلیٰ تعلیم کے حوالے سے، ڈاکٹر نادیہ طاہر، جو ایک ماہر معاشیات ہیں، ڈان (Dawn) اخبار میں اپنے ایک مضمون میں لکھتی ہیں کہ ہمارے معاشرے میں Ph.D ڈاکٹریٹ کی مانگ اس لیے نہیں ہے کہ طالب علموں کے پاس کچھ فلسفیانہ سوالات ہیں جن پر انہیں غور کرنے کا جنون ہے، بلکہ ان طالب علموں کو اپنے ناموں کے ساتھ 'ڈاکٹر' یا ہماری واحد ایجاد 'پروفیسر ڈاکٹر' لگانے کا شوق ہے۔ "مزید یہ کہ پاکستان میں زیادہ تر لوگ کسی خاص قسم کی جدت لانے کے لیئے نہیں بلکہ ایک باعزت روزکار حاصل کرنے کی خاطر تعلیم حاصل کرتے ہیں۔"

زیادہ اہم بات یہ ہے کہ یہاں کے لوگ سرکاری نوکری حاصل کرنے کے لیے تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ جہاں تک ان ملازمتوں کا تعلق ہے، ڈاکٹر نادیہ نے اسی مضمون میں دلیل دی ہے کہ سرکاری ملازمتوں میں کبھی بھی کارکردگی یا تخلیقی صلاحیت نہیں بلکہ اطاعت اور ماتحتی کی ضرورت ہوتی ہے۔ لہذا یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے تعلیمی نظام میں دیکھا جا سکتا ہے کہ اساتذہ طلباء کی کوششوں کو سراہنے کے بجائے اُنکی پولیسنگ (Policing) میں زیادہ دلچسپی لیتے ہیں، خاص طور پر اسکول کی سطح پر۔ لہذا، اس طرح کا نقطہ نظر انہیں اچھے سرکاری ملازم تو بنا سکتا ہے، لیکن وہ اپنی ہی تخلیقی صلاحیتوں سے محروم رہ جاتے ہیں۔

بلوچستان میں تعلیم کا معیار اس سے بھی بدتر ہے۔ صوبے میں خواندگی کی شرح ۴۴ فیصد ہے جو ملک کے دیگر صوبوں کے مقابلے میں سب سے کم ہے۔ یونیسیف کے مطابق بلوچستان میں ۶۰ سے ۷۰ فیصد بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ ایسے ہزاروں گھوسٹ (Ghost) سکول اور اساتذہ ہیں جو اس پسماندہ صوبے کے خزانے پر ایک بھاری بوجھ کے سوا کچھ نہیں۔

مزید یہ کہ کالجوں اور بالخصوص یونیورسٹیوں میں لیکچراروں کی تقرریوں میں سیاست دانوں کا عمل دخل اب کوئی راز نہیں رہا۔ اس کے علاوہ صوبے کی یونیورسٹیاں ہر سال ہزاروں گریجویٹس تیار کر رہی ہیں جو کمانے اور کام کرنے کے جدید طریقوں کے بارے میں تقریباً کچھ نہیں جانتے۔ صوبے میں تعلیم کا معیار اتنا خراب ہے کہ ہر سال ہزاروں درخواست دہندگان میں سے مشکل سے چار سے سات طالب علم سینٹرل سپیریئر سروسز (سی ایس ایس) کا امتحان پاس کر پاتے ہیں۔

بدقسمتی سے، یونیورسٹیاں اپنی عمارتوں میں داخلہ لینے والے طلباء کی تعداد کو تو فخر سے بتاتی ہیں لیکن ان طلباء کی ایجادات و اختراعات کا شاید ہی کوئی ذکر کرتی ہیں۔ فارغ التحصیل طلباء جنہوں نے تعلیمی اداروں کی چاردیواری کے اندر صرف اپنا وقت ضائع کیا ہوتا ہے صوبے اور ریاست پر ایک اور بوجھ ڈال رہے ہیں۔ مارکیٹ میں مطلوبہ مہارتوں کے بغیر ڈبل یا ٹرپل بی اے اور ایم اے کرنا صوبے میں ایک اور رجحان ہے جو کہ انتہائی افسوسناک ہے۔

ان وجوہات کی بناء پر یہ تجویز دی جاتی ہے کہ اسکولوں، کالجز اور جامعات میں کارجوئی یا اپنی مدد آپ کے تحت کاروبار (Entrepreneurship) کے کورسسز شامل کیئے جائیں اور جو نوجوان اس کورس میں اچھی کارکردگی دکھائیں انہیں بلا سُود قرضے دیئے جائیں تا کہ وہ نہ صرف اپنے لیئے روزگار پیدا کریں بلکہ دوسروں کے لیئے بھی روزگار کا سبب بنیں۔

اسکے علاوہ ٹیکنالوجی کی جدت نے مختلف شعبوں میں کمانے کے نئے طریقے متعارف کرا دیئے ہیں۔ مثلاً دکانداری کرنے کے لیئے آپ کے پاس اب دُکان کا ہونا ضروری نہیں بلکہ آپ کہیں بھی بیٹھ کر موبائل کے ذریعے تقریباً کوئی بھی سامان بیچ سکتے ہیں، بس تیز انٹرنیٹ کا ہونا شرط ہے۔ اس لیئے اس بات کی ضرورت ہے کہ طالب علموں کو کمانے کے ان جدید طریقوں سے لیس کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں تیز انٹرنیٹ بھی مہیا کی جائے تا کہ وہ نہ صرف اپنے لیئے خود روزگار پیدا کریں بلکہ ملکی معیشت میں بھی ہاتھ بٹائیں۔

بات رہ جاتی ہے بنیادی تعلیم کی تو صوبائی حکومت بلوچستان ایجوکیشن سپورٹ پروگرام میں شفافیت کو یقینی بنائے جس کا مقصد صوبے میں معیاری تعلیم کو بہتر اور تعلیمی انتظامی نظام کو مضبوط بنانا ہے۔ یہ ۴ ارب ۵۰۰ کروڑ روپے مالیت کا پروگرام ہے جسے یورپی یونین اور یونیسیف کی حمایت حاصل ہے۔ پروگرام میں شفافیت اور ایمانداری صوبے کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ بصورت دیگر کرپشن، نااہلی اور عدم دلچسپی صوبے میں تعلیمی نظام کو مزید نقصان پہنچائے گی۔ مختصراً یہ کہ موجودہ وسائل کے ساتھ بلوچستان میں تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کے لیے صرف شفافیت، میرٹ اور منشا کی ضرورت ہے۔


# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 31 MAY 2023 Page No: ________



کوئٹہ: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے گورنر ملک عبدالولی کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں



صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو گارڈ آف آنر پیش کیا جا رہا ہے، گورنر ملک عبدالولی کاکڑ بھی موجود ہیں



صدر عارف علوی کا کوئٹہ پہنچنے پر گورنر ملک عبدالولی کاکڑ استقبال کر رہے ہیں



خاتون اول بیگم ثمینہ عارف علوی ڈبلیو ایچ او کے تعاون سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہی ہیں



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے حنیف شاہ کاکڑ، منصور آغا اور حمید اللہ کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ: صدر عارف علوی 34ویں نیشنل گیمز کی اختتامی تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں



کوئٹہ: صدر عارف علوی اور گورنر ملک عبدالولی کاکڑ گراؤنڈ میں کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.________ DATE: 3 1 MAY 2023 Page No: ________



QUETTA: President Dr Arif Alvi in a meeting with Balochistan Governor Abdul Wali Kakar on Tuesday.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

Daily: JANG QUETTA

DATE: 31 MAY 2023

Page No: ________

Bullet No. ________



صدر ڈاکٹر عارف علوی کی کوئٹہ آمد پر ڈی آئی جی
پولیس غلام اظفر مہیسر مصافحہ کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی کوئٹہ آمد پر آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ مصافحہ کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

Daily: JANG QUETTA

DATE: 31 MAY 2023

Page No: ________

Bullet No. ________



لاہور: وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو سابق ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی دوست محمد مزاری سے ملاقات کر رہے ہیں